# ARL اٹک ریفائنری لمیٹڈ

## حتمی نقد منافع منقسمہ کی منتقلی برائے سال ۲۳-۲۰۲۲

حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۳۰ جون ۲۰۲۳ کو ختم ہونے والے سال کے لئے حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب ۱۲۵% (مبلغ ۱۲.۵۰ روپے فی حصص) ۱۶ اکتوبر ۲۰۲۳ کو حصص داران کی طرف سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN)، قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) نمبر یا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی مکمل اور درست تفصیلات نہ ہونے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز ۲۰۱۷ کی رو سے کمپنی نے نقد منافع منقسمہ اپنے پاس روک لیا ہے۔ اس لئے ان حصص داران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد درج بالا معلومات فراہم کریں تاکہ کمپنی کی طرف سے روکا گیا نقد منافع منقسمہ جاری کیا جا سکے۔

☆ فزیکل فارم میں کمپنی کے حصص رکھنے والے حصص داران مندرجہ بالا معلومات درج ذیل پتہ پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس
مین شاہراہ فیصل، کراچی ۷۴۴۰۰
ٹیلی فون (ٹول فری) ۰۸۰۰-۲۳۲۷۵
ای میل: info@cdcsrsl.com
ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

☆ سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت حصص کو برقرار رکھنے والے حصص داران مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/سی ڈی سی (CDC) انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

بحکم بورڈ

-Sd/-

(سیف الرحمٰن مرزا)
کمپنی سیکرٹری

رجسٹرڈ آفس:
دی ریفائنری مورگاہ، راولپنڈی
۱۸ اکتوبر ۲۰۲۳

**نوٹ:-**

سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) نے سنٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے جو ایک ای سروسز (eService) ویب پورٹل ہے۔ جس میں لسٹڈ کمپنیز کی طرف سے ادا کردہ، غیر ادا شدہ یا روکے گئے نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات شامل ہیں۔ ویب پورٹل حصص داران کو نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات حاصل کرنے اور اپنے ریکارڈ مقاصد کے لئے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کریگا۔ حصص داران https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے CCDR تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔